نام کتاب:	فہرست مخطوطات کتب خانہ قریشی
مرتب:	ڈاکٹر عارف نوشاہی
ناشر:	مغربی پاکستان اردو اکیڈمی۔ لاہور
اشاعت:	نومبر ۱۹۹۳ء
صفحات:	۶۲
قیمت:	ساٹھ روپے

مرحوم محمد لطیف قریشی کے کتب خانے کے ۱۴۲ فارسی' عربی' اردو اور پنجابی مخطوطات کی فہرست زیر نظر ہے۔ قبل ازیں اس کتب خانہ کو مرحوم محمد لطیف قریشی کے نامور فرزند ڈاکٹر وحید قریشی کی جانب نسبت دیتے ہوئے پروفیسر محمد اقبال مجددی اور ڈاکٹر خالدہ صدیق نے الگ الگ اس کے فارسی مخطوطات کی فہرست مرتب کی اور جناب حفیظ تائب نے پنجابی مخطوطات کا تعارف قلم بند کیا۔ اب نسبتاً زیادہ جامع فہرست ڈاکٹر عارف نوشاہی نے فہرست نگاری کے مسلمہ اصولوں کے تحت ترتیب دی ہے۔ فہرست سفید کاغذ پر خوبصورت کتابت کے ساتھ شائع ہوئی ہے اور "مغربی پاکستان اردو اکیڈمی" کے سلسلہ "کتابیات اسلام" کی ساتویں کتاب ہے۔

اختر راہی